لِلْمُجْتَهِدِيْنَ لِاَنَّهٗ بِمَنْزِلَةِ الْخَبَرِ الْمُتَوَاتِرِ اَوِ الْمَشْهُوْرِ وَهٰكَذَا

تصانیف کیونکہ وہ کتابین بمنزلہ متواتر یا مشہور خبر کے ہیں اور ایسا ہی

ذكر الرازي فعلى هذا لو وجد بعض النسخ النوادر في زماننا

رازی نے ذکر کی ہی اس تقدیر پر اگر او سکے نوادر کا کوئی نسخہ ہمارے زمانہ میں پایا

لا يحل عزو ما فيها الى محمد ولا الى ابي يوسف رح لانها لم يشتهر

نوادر کے مسائل کو امام محمد کیطرف منسوب کرنا حلال نہیں ہی ورنہ ابی یوسف کیطرف کیونکہ وہ نسخہ

في عصرنا في ديارنا ولم تتداول نعم اذا وجد النقل عن النوادر

ہمارے زمانہ میں ہمارے دیار میں مشہور نہیں ہی اور نہ دست بدست آیا ہی ہاں اگر نوادر سے نقل مثلا

مثلا في كتاب مشهور معروف كالهداية والمبسوط

کسی کتاب مشہور میں ملی جیسے ہدایہ اور مبسوط

كان ذلك تعويلا على ذلك الكتاب انتهى وفي فتاوى

اب یہہ بھروسہ اوس کتاب پر ہوگا انتہی اور فتاوے

القنية في باب ما يتعلق بالمفتي ان ما يوجد من كلام رجل

قنیہ کی باب ما یتعلق بالمفتی میں یہہ ہے کہ وہ جو کلام شخص کا

ومذهبه في كتاب معروف وقد تداولته النسخ فانه

اور اوسکا مذہب ایسی کتاب مشہور میں ملے کہ سب نسخوں میں موجود ہے تو اب

جاز لمن نظر فيه ان يقول قال فلان او فلان كذا وان

اوس کتاب کے ناظر کو یہہ کہنا جائز ہے فلانی نے یا فلانے ایسا کہا ہی اگرچہ

لم يسمعه من احد نحو كتب محمد بن الحسن رح وموطأ مالك رح

کسی سے بھی نہ سنا ہو جیسے محمد بن الحسن کے کتب ہیں اور امام مالک کے موطا

ونحوهما من كتب المصنفة في اصناف العلوم لان

اور ایسے ہی اور کتب ہیں جو علوم کے اقسام میں تصنیف ہوے ہیں اسلیے کہ

وجود ذلك على هذا الوصف بمنزلة الخبر المتواتر

اوس کلام کا اوس حال پر ہونا بجائے متواتر خبر

الاستفاضة لا يحتاج مثله الى اسناد مسئلة اذا وجد
اور استفاضہ کے ہی ایسی کلام بین سند کی حاجت نہین سنئے مسئلہ اگر

المتبحر فی المذهب حديثا صحيحا يخالف مذهبه فهل له
متبحر فے المذہب کو صحیح حدیث اوسکی مذہب کی مخالف ملجاوی تو ایا اوسکو جائز

ان يأخذ بالحديث ويترك مذهبه فی تلك المسئلة
ہی کہ اوس حدیث کو اختیار کرے اور اوس مسئلہ مین اپنا مذہب ترک کرے

فی هذه المسئلة بحث طويل واطال فيها صاحب خزانة
اس مسئلہ مین بڑے بحث ہے اور اہین خزانۃ الروایات کی مولف نے

الروايات نقلا عن دستور المساكين فلنورد كلامه من
دستور المساکین سے نقل کر کر طوالت دے ہے ہم اوسکا کلام اوس نقل

ذلك بعينه فان قيل لو كان المقلد غير المجتهد عالما
مین سی بعینہ لاتی ہین اگر کوئے کہی کہ اگر مقلد غیر مجتہد عالم

مستدلا لا يعرف قواعد الاصول ومعانی النصوص و
استدلال کرنیوالا اصول کے قواعد اور نصوص اور اخبار کے معانی سی آگاہ ہو

الاخبار هل يجوز ان يعمل عليها وكيف يجوز وقد قيل
تو ایا اوسکو جائز ہے کہ اوسپر عمل کرے اور کسطرح جائز ہی اور حال یہہ ہے

لا يجوز لغير المجتهد ان يعمل الا على روايات مذهبه و
کہ کہتی ہین کہ غیر مجتہد کو جائز نہین ہی کہ سواء روایات اپنی مذہب کے اور

فتاوى امامه ولا يشتغل بمعانی النصوص والاخبار و
فتوون اپنی امام کے عمل کری اور نصوص اور اخبار کے معانی مین اور اوسپر

العمل عليها كالعامی قيل هذا فی العامی الصرف
عمل کرنیمین عامی کیطرح مشغول ہو جاوے کوئی جواب دیتا ہے کہ یہہ اسی عامی سے

الجاهل الذي لا يعرف معاني النصوص والاحاديث فا
خالص عامی جاہل کے حق میں ہی کہ نصوص اور احادیث کے معانی نہ سمجھے اور
تاويلاتها اما العالم الذي يعرف النصوص والاخبار وهو
اونکے تاویلات نہیں جانتا یا وہ عالم جو نصوص اور اخبار کو سمجھتا ہے اور وہ
من اهل الدراية وثبت عنده صحتها من المحدثين او من
صاحب دانش سے ہے اور اوسکے عندیہ میں اونکی صحت محدثین سے یا اونکے
كتبهم الموثوقة المشهورة المتداولة فيجوز له ان يعمل عليها
معتبر مشہور مروج کتابوں سے ثابت ہے تو اوسکو اوسپر عمل کرنا جائز ہے
وان كان مخالفا لمذهبه يؤيده قول ابي حنيفة ومحمد
اگرچہ وہ اوسکے مذہب سے مخالف ہو امام ابو حنیفہ اور امام
والشافعي واصحابه وقول صاحب الهداية في روضة العلماء
محمد اور امام شافعی اور اونکے اصحابکا قول اور صاحب ہدایہ کا قول جو روضۃ العلماء
الزند ويسيبة في فضل الصحابة رض سئل عن ابي حنيفة رح
الزند ویسیبہ فی فضل الصحابہ میں ہی اسکا موید ہی امام ابو حنیفہ سے کسی نے پوچھا
اذا قلت قولا وكتاب الله يخالفه قال اتركوا قولي بكتاب
اگر آپ نے کچھ کہا اور کتاب اللہ اوسکی مخالف ہو جواب دیا میرا قول کتاب اللہ کے مقابلہ
الله فقيل اذا كان خبر الرسول صلى الله عليه وآله و
میں ترک کرو اوسنے پھر پوچھا اگر رسول اللہ صلعم کے خبر اوسکے
سلم يخالفه قال اتركوا قولي بخبر رسول الله صلى
مخالف ہو جواب دیا میرا قول رسول اللہ صلعم کے مقابلہ میں
الله عليه وآله وسلم فقيل اذا كان قول الصحابة يخالفه
ترک کرو اوسنے پھر پوچھا اگر صحابہ کا قول اوسکی مخالف ہو

قَالَ اُتْرُکُوا قَوْلِی بِقَوْلِ الصَّحَابَۃِ وَفِی الْاِمْتَاعِ رَوَی الْبَیْہَقِیُّ
جواب دیا میرا قول صحابہ کی قول کی مقابلہ میں ترک کرو اور امتاع میں بہی بیہقی سنن

فِی السُّنَنِ عِنْدَ الْکَلَامِ عَلَی الْقِرَأۃِ بِسَنَدِہٖ قَالَ قَالَ الشَّافِعِیُّ رح
میں جہاں قرات اسنادی پر کلام کیا ہی روایت کرتا ہے کہتا ہی امام شافعی کہتے ہیں

اِذَا قُلْتُ قَوْلًا وَکَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ
جب میں کوئی مسئلہ کہوں اور ... صلے اللہ علیہ و سلم ... نے میری قول

خِلَافَ قَوْلِی فَمَا یَصِحُّ مِنْ حَدِیْثِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ
کی خلاف فرمایا ہو تو جو مسئلہ ... صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث سی ثابت

وَسَلَّمَ اَوْلٰی فَلَا تُقَلِّدُوْنِی وَنَقَلَ اِمَامُ الْحَرَمَیْنِ فِی نِہَایَۃِ
ہوتا ہی وہی اولی ہی پس میری تقلید مت کرو اور امام الحرمین نے نہایہ میں

عَنِ الشَّافِعِیِّ رح اَنَّہٗ قَالَ اِذَا بَلَغَکُمْ خَبَرٌ صَحِیْحٌ یُخَالِفُ مَذْہَبِی
شافعی رح سی نقل کیا ہی کہ وہ کہتی ہیں اگر تمکو صحیح خبر میری مذہب کی مخالف ملجاوے

فَاتَّبِعُوْہُ وَاعْلَمُوْا اَنَّہٗ مَذْہَبِی وَقَدْ صَحَّ مَنْصُوْصًا اَنَّہٗ قَالَ اِذَا
تو اوسکی تابعداری کرو اور سمجھ لو کہ میرا مذہب بہی وہی ہی اور صاف ثابت ہوچکا ہی کہ امام

بَلَغَکُمْ عَنِّیْ مَذْہَبٌ وَصَحَّ عِنْدَکُمْ خَبَرٌ عَلٰی مُخَالَفَتِہٖ فَاعْلَمُوْا
شافعی رح نے کہا اگر تمکو میری مذہب کا مسئلہ پہنچی اور تمہاری عندیہ میں کوئی خبر اوسکی مقابل ثابت ہوجاوے تو

اَنَّ مَذْہَبِی مُوْجَبُ الْخَبَرِ وَرَوَی الْخَطِیْبُ بِاِسْنَادِہٖ اَنَّ
سمجھ لو کہ میرا مذہب خبر کا ہی مضمون ہے اور خطیب نے اپنی اسناد کی روایت کیا ہے کہ

الدَّارَکِیَّ مِنَ الشَّافِعِیَّۃِ کَانَ یُسْتَفْتٰی وَرُبَّمَا یُفْتِیْ بِغَیْرِ
دارکی جو شافعیہ علما میں سی ہی فتوی پوچھا جایا کرتا ... اور بعضی دفعہ بخلاف

مَذَاہِبِ الشَّافِعِیِّ وَاَبِیْ حَنِیْفَۃَ رح فَیُقَالُ لَہٗ ہٰذَا یُخَالِفُ
مذہب شافعی ... اور ابو حنیفہ کی فتوی دیدیتا ہی ... سے کبہی کہیہ تو اون لو

قولهما فيقول ويلكم حدّث فلانٌ عن فلانٍ عن النبيّ

کے قول کی خلاف ہی وہ کہتا ہمارا برا ہو فلانا فلانے سے سنی وہ

صلّى الله عليه وآله وسلّم هكذا والاخذ بالحديث اولى

نے صلعم سی ایسا ہی بیان کرتا ہے اور حدیث کو اختیار کرنا

من الاخذ بقولهما اذا خالفاه وكذا يؤيّده ما ذكر في

بر نسبت اختیار کرلی اونکی قول کی جب وہ حدیث کی خلاف ہون اولی ہی اور ایسی سے ہدایہ مین

الهداية في مسئلة صوم المحتجم لو احتجم وظنّ انّ ذلك

جو محتجم کی صوم کی بابت مذکور ہی اوسکی تائید کرتا ہے اگر کسی نے پچھنے لگوائے اور گمان

يفطره ثمّ اكل متعمّداً عليه القضاء والكفّارة لانّ

کیا کہ روزہ ٹوٹ گیا پہر قصداً کھالیا تو اوسپر قضا اور کفارہ دونون ہین کیونکہ

الظنّ ما استند الى دليل شرعيّ الّا اذا افتاه فقيه بالفساد

ظن وہی ٹھیک ہوتا ہی جسکی سند دلیل شرعی ہو مگر اسصورت مین کہ کوئی فقیہ اوسی کہدی کہ

لانّ الفتوى دليل شرعيّ في حقّه ولو بلغه الحديث و

روزہ ٹوٹ گیا ایسی کہ اوسکی حق مین فتوی دلیل شرعی ہی اور اگر اوسکو حدیث ملے اور اوسپر

اعتمده فكذلك عن محمّد لانّ قول الرسول صلّى الله عليه

اعتماد کیا تو بھی ایسا ہی ہی امام محمد سی اسواسطے کہ رسول صلعم کا

وآله وسلّم لا ينزل عن قول المفتي في الكافي والحميدي

فرمودہ مفتی کی قول سی تنزیل نہین ہوتا کافی اور حمیدی مین ہے

اي لا يكون ادنى درجة من قول المفتي وقول المفتي يصلح

مفتی کے قول سی کم درجہ کا نہین ہوتا مفتی کا قول تو

دليلاً شرعيّاً فقول الرسول صلّى الله عليه وآله وسلّم

شرعی دلیل ہوتا ہی تو رسول صلعم کا فرمودہ

أَوْلَى وَعَنْ أَبِي يُوسُفَ رح خِلَافُ ذٰلِكَ لِأَنَّ عَلَى الْعَامِّيِّ الْاِقْتِدَاءُ
اولے ہے اور ابو یوسف رح سے اسکا خلاف مروی ہے اسواسطیکہ عامی پر فقہا ہے کا اقتدا

بِالْفُقَهَاءِ لِعَدَمِ الْاِهْتِدَاءِ فِي حَقِّهِ إِلَى مَعْرِفَةِ الْأَحَادِيثِ وَ
لازم ہے کیونکہ اوسکے حق میں حدیث کے معرفت کی راہ پانے نہیں ہے اور

إِنْ عَرَفَ تَأْوِيلَهُ تَجِبُ الْكَفَّارَةُ وَفِي الْمُنَاوِي بِالْاِتِّفَاقِ وَ
اگر اوسکے معنے سمجھتا ہی تو اوسپر کفارہ واجب ہی اور مناوی میں ہے کہ یہہ بالاتفاق ہی اور

أَمَّا الْجَوَابُ عَنْ قَوْلِ أَبِي يُوسُفَ رح أَنَّ لِلْعَامِّيِّ الْاِقْتِدَاءَ بِالْفُقَهَاءِ
رہا امام ابو یوسف کے قول کا جواب کہ عامے کو فقہا کے پیروے ہے

فَمَحْمُولٌ عَلَى الْعَامِّيِّ الصِّرْفِ الْجَاهِلِ الَّذِي لَا يَعْرِفُ مَعْنَى
سو یہہ اوس عامی پر محمول ہے جو نرا ایسا جاہل ہو کہ حدیث کے معنے

الْأَحَادِيثِ وَتَأْوِيلَاتِهَا لِأَنَّهُ أَشَارَ إِلَيْهِ بِقَوْلِهِ لِعَدَمِ الْاِهْتِدَاءِ
اور اون کے تاویلات نہیں جانتا اسواسطے کہ یہہ اشارہ کر دیا کہ اوسکے حق میں

أَيْ فِي حَقِّهِ إِلَى مَعْرِفَةِ الْأَحَادِيثِ وَكَذَا قَوْلُهُ وَإِنْ عَرَفَ
معرفت احادیث کے راہ پانے نہیں ہے اور ایسا ہی ابو یوسف کا قول اور اگر عامے

الْعَامِّيُّ تَأْوِيلَهُ تَجِبُ الْكَفَّارَةُ يُشِيرُ إِلَى أَنَّ الْمُرَادَ مِنَ الْعَامِّيِّ
حدیث کے معنی جانتا ہے تو اوسپر کفارہ ہے اس قول کا یہہ ہے اشارہ ہے کہ عامی سی مراد

غَيْرُ الْعَالِمِ وَفِي الْحُمَيْدِيِّ الْعَامِّيُّ مَنْسُوبٌ إِلَى الْعَامَّةِ وَهُمْ
جاہل ہے اور حمیدی میں ہے کہ عامی عوام کیطرف منسوب ہوتا ہے اور وہ

الْجُهَّالُ فَعُلِمَ مِنْ هٰذِهِ الْإِشَارَاتِ أَنَّ مُرَادَ أَبِي يُوسُفَ أَيْضًا
جہال ہوتے ہیں پس ان اشارات سے معلوم ہوا کہ ابو یوسف کے مراد بھی

مِنَ الْعَامِّيِّ الْجَاهِلُ الَّذِي لَا يَعْرِفُ مَعْنَى النَّصِّ وَتَأْوِيلَهُ
عامے سے وہ جاہل ہے جو نص کے معنی اور تاویل نہیں جانتا پس

ما ذكر من قول ابي حنيفة والشافعي ومحمد رح يندفع قول
ابو حنيفه اور شافعى اور محمد كا قول جو مذكور هوا اوس سے اوس قائل كا قول

القائل يجب العمل بالرواية بخلاف النص انتهى ما نقلناه
كہ نص كے خلاف روايت پر عمل واجب ہے دفع ہوا خزانة الروايات

من خزانة الروايات وفي المسئلة قول آخر وهو انه اذا
مين سے جو ہمنے نقل كيا تمام ہوا اور مسئلہ مين ايك اور قول ہے اور وہ يہہ ہے كہ بصورت

لم يجمع آلات الاجتهاد لا يجوز له العمل على الحديث بخلاف
نہ جمع ہونے آلات اجتہاد كے تو اوسكو حديث پر اپنے مذہب كے خلاف عمل جائز نہين

مذهبه لانه لا يدري انه منسوخ او مأول او محكم
ہے كيونكہ اوسكو كيا معلوم كہ وہ حديث منسوخ يا مأول يا محكم

محمول على ظاهره ومال الى هذا القول ابن الحاجب في
اپنے ظاہر پر محمول ہے اور اسے قول كيطرف ابن الحاجب اپنے

مختصره وما بعده ورد بانه ان اراد عدم التيقن بنفي هذه
مختصر مين اور اوسكے شاگرد مائل ہوئے ہين اور يہہ قول اسطور رد كيا ہے كہ اگر ان احتمالات كى نفى كا

الاحتمالات فالمجتهد ايضا لا يحصل له اليقين بذلك
عدم يقين مراد ہے تو وہ يقين تو مجتہد كو بهى حاصل نہين ہوتا

وانما يبني الامر على غالب الظن وان اراد انه لا
اپنے امر كى بناء غالب ظن پر سبنے كيا كرتا ہے اور اگر يہہ مراد ہے كہ وہ شخص

يدري ذلك بغالب الرأي منعناه في صورة النزاع لان
اسكو بغالب رائے نہين جانتا تو اوسكو نزاع كى صورت مين نہين مانتے كيونكہ

المتبحر في المذهب المتتبع لكتب القوم الحافظ من الحديث
متبحر فى المذہب كو كہ قوم كے كتب كو ديكہتا بہالتا رہے حديث اور

وَالْفِقْهِ بِجُمْلَةٍ صَالِحَةٍ كَثِيْرًا مَّا يَحْصُلُ لَهُ غَالِبُ الظَّنِّ بِأَنَّ

فقہ مین سے مقدار شایستہ کا حافظ ہو اکثر اوقات بعد بحث [illegible]

الْحَدِيْثَ غَيْرُ مَنْسُوْخٍ وَّلَا مُأَوَّلٌ بِتَأْوِيْلٍ [illegible] فِيْهِ وَ

حدیث منسوخ نہین ہے اور نہ ہے ماول جسکے تاویل کا قائل [illegible]

إِنَّمَا الْبَحْثُ فِيْمَا حَصَلَ لَهُ ذٰلِكَ وَالْمُخْتَارُ هٰهُنَا هُوَ قَوْلٌ ثَالِثٌ

بحث تو اس صورت مین ہے [illegible] یہ ملکہ حاصل ہووے اور یہان پسندیدہ [illegible] قول ہے

وَّهُوَ مَا اخْتَارَهُ ابْنُ الصَّلَاحِ وَتَبِعَهُ النَّوَوِيُّ وَصَحَّحَهُ

وہ جو ابن الصلاح نے اختیار کیا ہے اور نووی نے اوسکا تابع ہوا [illegible] قرار دیا ہے

قَالَ ابْنُ الصَّلَاحِ مَنْ وَّجَدَ مِنَ الشَّافِعِيَّةِ حَدِيْثًا يُّخَالِفُ

ابن الصلاح کہتا ہے شافعیوں مین سے جسکو حدیث [illegible] ملے [illegible]

مَذْهَبَهُ نَظَرَ إِنْ كَمُلَتْ لَهُ آلَةُ الْاِجْتِهَادِ مُطْلَقًا أَوْ فِيْ

برخلاف مذہب کے تو یہہ دیکھے اگر اوسکو اجتہاد کا مطلق [illegible] کامل ہو گیا ہے یا

ذٰلِكَ الْبَابِ وَالْمَسْئَلَةِ كَانَ لَهُ الْاِسْتِقْلَالُ بِالْعَمَلِ وَإِنْ

اوسی خاص باب اور مسئلہ مین تو اوسکو عمل بالاستقلال [illegible] اور اگر

لَمْ يَكْمُلْ وَشَقَّ مُخَالَفَةُ الْحَدِيْثِ بَعْدَ أَنْ يَّبْحَثَ فَلَمْ يَجِدْ

[illegible] کامل نہین ہوا اور حدیث کے مخالفت دشوار گزرتے ہو [illegible] بحث کے بعد جبہے اوسکے

لِمُخَالَفَتِهِ جَوَابًا شَافِيًا عَنْهُ فَلَهُ الْعَمَلُ بِهِ إِنْ كَانَ عَمِلَ بِهِ

مخالفت کا جواب شافی نہین ملتا تو اوسکو عمل اوسپر [illegible] بشرطیکہ [illegible]

إِمَامٌ مُّسْتَقِلٌّ غَيْرُ الشَّافِعِيِّ وَيَكُوْنُ هٰذَا عُذْرًا فِيْ تَرْكِ

شافعی کے کسی مستقل امام نے اوسپر عمل کیا ہو اور اوسکے واسطے اپنے امام کا

مَذْهَبِ إِمَامِهِ هٰهُنَا وَحَسَّنَهُ النَّوَوِيُّ وَقَرَّرَهُ مَسْئَلَةً

مذہب ترک کرنے مین یہان یہہ عذر ہو جائیگا اور اوسکو نووی نے حسن کہا ہی اور قایم کیا ہی مسئلہ

إذا أراد هذا المتبحر في المذهب أن يعمل في مسئلة بخلاف

اگر ایسا متبحر فی المذہب یہہ ارادہ کرے کہ کسی مسئلہ مین اپنے امام کے

مذهب إمامه مقلداً فيها لإمام آخر هل يجوز له ذلك

مذہب کے خلاف کسے اور امام کا مقلد ہوکر عمل کرے ایا یہہ اوسکو جایز ہے اسمین

اختلفوا فيه فمنعه الغزالي وشرذمة وهو قول ضعيف

علما نے اختلاف کیا ہے سو امام غزالے اور ایک گروہ نے منع کیا ہے اور یہہ قول جمہور کے

عند الجمهور لأن مبناه على أن الإنسان يجب عليه

نزدیک ضعیف ہے کیونکہ اسکی اصل یہہ ہے کہ انسان پر واجب ہے

أن يأخذ بالدليل فإذا فات ذلك لجهله بالدلائل

کہ دلیل کے ذریعہ سے اختیار کرلے پہر جب وہ دلیل ہے دلائل کے جہالت کی سبب سی فوت ہو گئے

أقمنا اعتقاد أفضلية إمامه مقام الدليل فلا يجوز

تو ہمنے اوسکی امام کے افضلیت کا اعتقاد دلیل کے قایم مقام کردیا سو اوسکو

له أن يخرج من مذهبه كما لا يجوز له أن يخالف

اپنے امام کے مذہب سے نکلنا جایز نہین ہے جیساکہ اوسکو یہہ جایز نہین کہ شرعی

الدليل الشرعي ورد بأن اعتقاد أفضلية الإمام

دلیل کے مخالفت کرے اور یہہ قول اسطور رد کیا گیا ہی کہ امام کی مطلق افضلیت کا اعتقاد

على سائر الأئمة مطلقاً غير لازم في صحة التقليد

تمام ائمہ پر صحت تقلید کے باب مین بالاجماع لازم نہین

إجماعاً لأن الصحابة والتابعين كانوا يعتقدون أن

ہے اسواسطے کہ صحابہ اور تابعین یہہ اعتقاد رکھتے تہے کہ

خير هذه الأمة أبو بكر ثم عمر رض وكانوا يقلدون في كثير

اس امت مین افضل اول ابوبکر رضہ پہر عمر رضہ اور اونکا یہہ حال تہا کہ بہت

مِنَ الْمَسَائِلِ غَيْرِهِمَا بِخِلَافِ قَوْلِهِمَا وَلَمْ يُنْكِرْ عَلَى ذَلِكَ أَحَدٌ

مسائل مین اونکے قول کے برخلاف اور اونکی تقلید کرتے تھی اور اوسپر کسی نے اعتراض نہین کیا

فَكَانَ إِجْمَاعًا عَلَى مَا قُلْنَاهُ وَأَمَّا أَفْضَلِيَّةُ قَوْلِهِ فِي هَذِهِ الْمَسْئَلَةِ

سو ہمارے قول پر اجماع ہو گیا اور رہے افضلیت اوسکے امام کی قول کی اس مسئلہ مین

فَلَا سَبِيلَ إِلَى مَعْرِفَتِهَا لِلْمُقَلِّدِ الصِّرْفِ فَلَا يَجُوزُ أَنْ تَكُونَ

سو اسکے پہچان کے راہ مقلد صرف کو کوئے نہین ہے پس تقلید کے ہے

شَرْطًا لِلتَّقْلِيدِ إِذْ يَلْزَمُ أَنْ لَا يَصِحَّ تَقْلِيدُ جُمْهُورِ الْمُقَلِّدِينَ

شرط ٹھیرا اسلئے جایز نہین ہی اسواسطے کہ لازم آتا ہے کہ جمہور مقلدین کی تقلید جایز نہو دے

وَلَوْ سُلِّمَ فَفِي مَسْئَلَتِنَا هَذِهِ هَذَا عَلَيْكُمْ لَا لَكُمْ لِأَنَّ كَثِيرًا

اور اگر تسلیم کیا جاوے تو ہمارے اس مسئلہ مین یہ تمکو مضر ہے مفید نہین ہی اسلیے کہ اکثر

مَا يَطَّلِعُ عَلَى حَدِيثٍ يُخَالِفُ مَذْهَبَ إِمَامِهِ أَوْ يَجِدُ قِيَاسًا

اوقات ایسی حدیث معلوم ہو جاتی ہے کہ اوسکی امام کے مذہب کی مخالف ہوتی ہے یا قیاس قوی

قَوِيًّا يُخَالِفُ مَذْهَبَهُ فَيَعْتَقِدُ الْأَفْضَلِيَّةَ فِي تِلْكَ الْمَسْئَلَةِ

ملجاوے کہ اوسکے مذہب کی خلاف ہوتا ہے پھر وہ اوس مسئلہ مین اوروں کے افضلیت کا معتقد ہو جاتا

لِغَيْرِهِ وَذَهَبَ الْأَكْثَرُونَ إِلَى جَوَازِهِ مِنْهُمُ الْآمِدِيُّ وَابْنُ

ہے اور اکثر علما اسکو جایز کہتے ہین اون مین سے آمدی ہے اور ابن

الْحَاجِبِ وَابْنُ الْهُمَامِ وَالنَّوَوِيُّ وَأَتْبَاعُهُ كَابْنِ حَجَرٍ وَالرَّمْلِيِّ

الحاجب اور ابن الہمام اور نووی ہے اور اوسکی اتباع جیسی ابن حجر اور رملی

وَجَمَاعَاتٌ مِنَ الْحَنَابِلَةِ وَالْمَالِكِيَّةِ مِمَّنْ يُفْضِي ذِكْرُ أَسْمَائِهِمْ

اور حنبلیون مین سے اور مالکیون مین کا ایک گروہ ہے کہ اونکے نامون کی ذکر سے

إِلَى التَّطْوِيلِ وَهُوَ الَّذِي انْعَقَدَ عَلَيْهِ الِاتِّفَاقُ مِنْ مُفْتِي

تطویل ہوئے جاتی اور یہ وہ مسئلہ ہی جسپر چارون مذاہب کے متاخر مفتیون کا

المذاهب الاربعة من المتاخرين واستخرجوه من كلام اوائلهم

اتفاق منعقد ہو چکا ہے اور اسکو اوائل کے کلام میں سے استخراج کیا ہے

ولهم رسائل مستقلة فى هذه المسئلة الا انهم اختلفوا

اور اس مسئلہ میں اونکے مستقل رسائل ہیں اتنا ہے جواز کے

فى شرط جوازه فمنهم من قال لا يرجع فيما قلد اتفاقا فسره ابن

شرطوں میں اختلاف کیا ہے سو اونمین سے بعضی یہہ کہتے ہیں کہ بالاجماع اپنے تقلید سے رجوع نکرے اسکو

الهمام فقال اى عمل به واختلف الشراح فى معنى هذه

ابن ہمام نے تفسیر کیا ہے یعنی کہا ہی یعنی اسپر عمل کرا اور شارحون نے عمل بہ کے معنون میں اختلاف

الكلمة فقيل فيما عمل به بخصوصه بان يقضى تلك الصلوة

کیا ہے سو کوئی کہتا ہے بالخصوص اوسی مسئلہ میں عمل کرے اسطور کہ اوس نماز

الواقعة على المذهب الاول مثلا وهو الصحيح الذى لا يتجه

معین کو مثلا پہلے ہی مذہب پر قضا کرے اور یہہ سب امر ایسا صحیح ہے کہ تحقیق کے

غيره عند التحقيق وقيل بجنسه ورد بانه ليس اتفاقيا

وقت بجہہ اور ظاہر نہیں ہوتا اور کوئی کہتا ہی اوس قسم کی مسائل میں عمل کرے اور یہہ رد کیا گیا ہی کہ یہہ اجماعی امر نہیں ہے

بل اكثر ما روى عن السلف هو العمل بخلاف المذهب فيما

بلکہ سلف سے اکثر روایات یہہ ہیں کہ وہ مذہب کے خلاف ہی پر عمل کرتا ہے جہان کہ

كانوا يعملون به ومنهم من قال لا يلتقط الرخص فقيل يعنى

عمل کرتے ہیں اور اونمیں سے بعضے کہتے ہیں رخصتون کو نہ چن لیوے کوئی کہتا ہی رخصت کی

ما سهل عليه ورد بان النبى صلى الله عليه واله وسلم

معنے یہہ ہیں جو اوسپر آسان ہو اور یہہ اسطور رد کیا گیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

كان اذا خير اختار اهون الامرين ما لم يكن اثما وقيل

جب اختیار ملتا تہا تو دو نو شق میں سے آسان کو اختیار کر لیتے تہے جبکہ وہ آسان گناہ ہو اور کوئی یہہ کہتا ہی

مَا لَا يُقَوِّيهِ الدَّلِيلُ بَلِ الدَّلِيلُ الصَّحِيحُ الصَّرِيحُ قَامَ بِخِلَافِهِ مِثْلُ

کہ دلیل اوسکے تقویت نکرتی ہو بلکہ صحیح صریح دلیل اوسکے اخلاف پر قایم ہو جیسے

الْمُتْعَةِ وَالصَّرْفِ وَهٰذَا وَجْهٌ وَجِيهٌ وَجَدْتُ فِي كِتَابِ التَّلْخِيصِ فِي

متعۃ النساء اور بیع صرف اور یہہ قوی سے وجہہ ہے میں نے کتاب التلخیص میں کہ کتاب النکاح

تَخْرِيجِ اَحَادِيثِ الرَّافِعِيِّ لِلْحَافِظِ ابْنِ حَجَرٍ الْعَسْقَلَانِيِّ فِي كِتَابِ

میں پایا ہے جہاں رافعی نے حافظ ابن حجر عسقلانی کی احادیث کی تخریج کی ہے

النِّكَاحِ مِنْهُ نَقْلًا عَنِ الْحَاكِمِ فِي كِتَابِ عُلُومِ الْحَدِيثِ بِاِسْنَادِهِ

حاکم سے کتاب علوم الحدیث میں نقل کرکر کہ اوسنے اسناد

اِلَى الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ يُجْتَنَبُ وَيُتْرَكُ مِنْ قَوْلِ اَهْلِ الْحِجَازِ

اوزاعی کے طرف یوں کہا ہے اہل حجاز کے پانچ قول سے اجتناب کیا جاوی یا ترک کئے

خَمْسٌ وَمِنْ قَوْلِ اَهْلِ الْعِرَاقِ خَمْسٌ مِنْ اَقْوَالِ اَهْلِ الْحِجَازِ اِسْتِمَاعُ

جاوین اور اہل عراق کے پانچ قول اہل حجاز کے سے قول میں باجے

الْمَلَاهِي وَالْمُتْعَةُ وَاِتْيَانُ النِّسَاءِ فِي اَدْبَارِهِنَّ وَالصَّرْفُ

کا سننا اور متعہ اور عورتوں کی پس پشت جماع کرنا اور بیع صرف

وَالْجَمْعُ بَيْنَ الصَّلٰوتَيْنِ بِغَيْرِ عُذْرٍ وَمِنْ قَوْلِ اَهْلِ الْعِرَاقِ شُرْبُ

اور بلاعذر دو نمازوں کو جمع کردینا اور اہل عراق کے یہہ قول ہین نبیذ

النَّبِيذِ وَتَاْخِيرُ الْعَصْرِ حَتّٰى يَكُونَ ظِلُّ الشَّيْءِ اَرْبَعَةَ اَمْثَالِهِ

کا پینا اور عصر کے اتنے تاخیر کرنے کا سایہ چوگنا ہوجاوے

وَلَا جُمُعَةَ اِلَّا فِي سَبْعَةِ اَمْصَارٍ وَالْفِرَارُ مِنَ الزَّحْفِ وَالْاَكْلُ بَعْدَ

اور سواے سات شہروں کے جمعہ نہیں ہے اور لڑائی میں سے بہاگ جانا اور رمضان میں

الْفَجْرِ فِي رَمَضَانَ ثُمَّ قَالَ ابْنُ حَجَرٍ وَرَوٰى عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ

فجر کے بعد کہانا پہر ابن حجر کہتا ہے اور عبد الرزاق معمر سے

معمر لو ان رجلا اخذ بقول اهل المدينة في استماع الغناء
روایت کرتا ہے اگر کوئی شخص غناء کے سننے میں اور عورتوں کے ادبار میں

واتيان النساء في ادبارهن وبقول اهل مكة في المتعة و
جماع کرنے میں اہل مدینہ کا قول اور متعہ میں اور بیع صرف میں

الصرف وبقول اهل الكوفة في المسكر كان شر عباد الله ومنهم
اہل مکہ کا قول اور نشہ میں اہل کوفہ کا قول اختیار کرے تو وہ اللہ کے بندوں میں برا بندہ ہی اور وہ کہتے ہیں بعضے

من قال لا يلفق بحيث يتركب حقيقة ممتنعة عند الامامين
رخصت کے یعنی کہتے ہیں کہ تلفیق نہ کرے اس طور کہ دونوں اماموں کے نزدیک محال حقیقت مرکب بن جاوے

قيل الممنوع ان يتركب حقيقة ممتنعة في مسئلة واحدة
کوئی کہتا ہی ممنوع یہ ہے کہ ایک مسئلہ میں حقیقت محال مرکب ہو جاوے

مثل الوضوء بلا ترتيب ثم خرج منه الدم السائل لا في
جیسے بلا ترتیب وضو کیا پھر اس میں خون جاری نکل آیا نہ دو

مسئلتين كما اذا طهر الثوب بمذهب الشافعي وصلى
مسئلوں میں نہیں جیسے امام شافعی کے مذہب کے موافق کپڑا پاک ہو اور امام

بمذهب ابي حنيفة وينبغي ان يقال فيه بحث لانه ان كان
ابوحنیفہ کے مذہب کے موافق نماز پڑھے اور یہ بات رہے کہ اس میں بحث ہے اسلئے کہ اگر

المقصود من هذا القيد ان لا يخرج مجموع ما انعقد عليه من
اس قید سے مقصود یہ ہے کہ وہ مجموعہ جو اس کا ہے متفق علیہ میں سے نہ

الاتفاق فهو حاصل في مسئلتين ايضا وان كان المقصود
نکل جاوے تو یہ بات دو مسئلوں میں بھی موجود ہے اور اگر یہ مقصود ہے کہ

ان لا يخرج هذه المسئلة وحدها من الاجماع فيكفي عنه
یہ اکیلا مسئلہ اجماع میں سے نہ نکل جاوے تو اس میں بھی ہے شرط

اشتراط كونه مذهبًا للاجتهاد فيه مساغ كما يأتي ومنهم من

یہہ ہے شرط کہ وہ مذہب ایسا ہو کہ اوسمین اجتہاد جاری ہو کفایت کرتی ہی چنانچہ آتی ہی اور وہ لوگ بعض حضرات کے نینے

قال لا يكون المذهب الذي يذهب اليه مما ينقض فيه قضاء القاضي

یہہ کہتی ہین وہ مذہب جسکی طرف رجوع کرتا ہے ایسا نہو کہ اوسمین قضاء قاضی کا نقض آتا ہو

وهذا وجيه والاحتراز منه يحصل اذا قلد مذهبًا من

اور یہہ بہت قوی ہی اور اوس سے احتراز حاصل ہوتا ہے کہ ان چارون مذاہب

المذاهب الاربعة المقبولة المشهورة ومنهم من قال يشترط انشراح

مقبولہ مشہورہ مین سے کسی مذہب کے تقلید کری اور انمین سی بعضی کہتی ہین کہ اوسکا دل اوس مسئلہ مین

صدره في تلك المسئلة بما قلد فيه غير امامه ولا يتصور

اپنے امام سے [illegible] کی تقلید [illegible] خوش ہو جاوی اور یہہ حال

الا في المتبحر وقيل اذا تبع الاكثر والقول المشهور فخروجه من

متبحر ہی مین ہو سکتا ہے اور کوئی کہتا ہی [illegible] اکثر اور قول مشہور کا اتباع کرتا ہے تو اسکا خروج

مذهب امامه حسن واذا كان بالعكس فقبيح هذا خلاصة

اپنے امام کے مذہب سے [illegible] اور اگر عکس ہو تو قبیح ہے اور [illegible] رسائل کا خلاصہ

ما في رسائلهم مع تنقيح وتحرير وانا اختار في الجواز شرط ان

تنقیح اور تحریر کے ساتھ ہے اور مین جواز مین یہہ شرط اختیار کرتا ہون

لا ينقض قضاء قاضي به سواء كان النقض لاجتماع معنيين

کہ قضاء قاضی کا نقض نہو جاوے برابر ہے کہ نقض ایسے دو معنون کے اجتماع سے ہووی

كل واحد منهما صحيح كالنكاح بغير شهود مجتمعين ولا

کہ وہ دونو صحیح ہون جیسے نکاح بدون اجتماع گواہون کے اور بدون

اعلان او بغيره وفي الاختيار شرط انشراح الصدر لمعنى في

اعلان کے یا اور وجہ سے اور اختیار مین شرط خوشی خاطر کے بسبب اون معنون کے ہی جو

الدليل وكثرة من عمل به في السلف وكونه احوط او كونه

دلیل مین ہی یا سلف مین اسکی عاملون کی کثرت ہے یا اوسمین زیادہ احتیاط ہو یا اوسمین کسی ایسی دشواری سے مخلص ہو

تفصيا من مضيق لا يمكن له الطاعة معه لقوله صلى الله

کہ اوس دشواری کے ساتھہ اوسکی اطاعت ممکن نہو اس لیے کہ حضرت صلعم کا

عليه وآله وسلم اذا امرتكم بامر فأتوا منه ما استطعتم ونحو

فرمودہ ہے جب مین تمکو کچہہ امر کرون سو اوسمین سے جتنا ہو سکے سو کرو اور

ذلك من المعاني المعتبرة في الشرع لا لمجرد الهوى وطلب الدنيا

ایسے ہی اور شرع کے معتبر معانی وہ خوشی خاطر صرف ہوا وہوس اور دنیا کے طلب کی نہو

وفي الوجوب شرطان يتعلق به حق لغيره فيقضي القاضي بخلاف

اور وجوب کیواسطے یہہ شرط ہے کہ اوس سے غیر کا حق متعلق ہو پس قاضی اپنے مذہب کے خلاف

مذهبه في خزانة الروايات في كشف القناع واذا قلد فقيها

فیصلہ کردے خزانۃ الروایات مین کشف القناع مین لکھا ہے اور اگر کسی مسئلہ مین کسی فقیہ کی تقلید کے

في شيء هل يجوز له ان يرجع عنه الى فقيه آخر المسئلة على

تو آیا اوسکو جائز ہے کہ اوس سے اور فقیہ کیطرف رجوع کرے یہہ مسئلہ

وجهين احدهما ان لا يكون التزم مذهبا معينا كمذهب

دو طرح پر ہے ایک تو یہہ کہ ایسا نہو کہ اوسنے ایک معین مذہب لازم کرلیا ہو جیسے

ابي حنيفة والشافعي وغيرهما والثاني التزم فقال اني

ابوحنیفہ اور شافعی وغیرہ کا مذہب اور دوسرا یہہ کہ لازم کرلیا ہو اور کہتا ہو کہ مین

ملتزم متبع ففي الوجه الاول قال ابن الحاجب لا يرجع بعد

لازم کرنیوالا متبع ہون پس پہلی صورت مین ابن حاجب کہتا ہے کہ تقلید کے بعد

تقليده فيما قلد اتفاقا وفي حكم آخر المختار الجواز لقوله تعالى

جس مسئلہ مین اوسنے تقلید کرلی ہے بالاتفاق رجوع نکرے اور دوسرے مسئلہ مین جواز مختار ہے بدلیل اس آیت کے

فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون فالقول بوجوب

پوچھو لو یاد رکھنے والوں سے اگر تم نہیں جانتے پس رجوع کی وجوب کا قائل ہونا

الرجوع الى من قلد اولا فى مسئلة تكون تقييد النص وهو

اوس فقیہ کیطرف جسکا پہلے ایک مسئلہ میں مقلد ہوچکا ہے نص کا مقید کردینا ہو جائیگا اور نص کیسہ کرنا یہہ

يجرى مجرى النسخ على ما تقرر فى الاصول وبقوله صلى الله

امر تو بمنزلہ نسخ کے ہے جیسا کہ اصول میں ٹہر چکا ہے اور بدلیل

عليه وآله وسلم اصحابى كالنجوم بايهم اقتديتم اهتديتم

اس حدیث کے میری اصحاب ستاروں کی مانند ہیں جسکا اقتدا کروگے ہدایت پاؤگے

وان العوام فى السلف كانوا يستفتون الفقهاء من غير

اور سلف کے زمانہ میں عوام لوگ فقہاء سے بدون رجوع کے

رجوع الى معين من غير انكار فحل محل الاجماع على الجواز

کسے معین کیطرف فتوی لیتی ہی بیچہہ اعتراض نہیں تہا پس اجماع کا محل جواز پر ہو گیا

كذا فى شرح ابن الحاجب واما الجواب فى الوجه الثانى وهو

یہہ ابن حاجب کے شرح میں ہے اور رہا جواب دوسری وجہ میں کہ وہ

ما اذا التزم مذهبا معينا كابى حنيفة والشافعى فقد اشار

یہہ ہے کہ کسے مذہب معین کو جیسے حنفے اور شافعے لازم کرلے سو

ابن الحاجب الى الاختلاف فى ذلك من اختلاف مذهبه

ابن حاجب نے اس وجہ میں اختلاف کیطرف بمحل اختلاف اپنے مذہب کے

اشار الى انه اختلف العلماء فى ذلك على ثلاثة اقاويل

اشارہ کیا ہے اور یہہ اشارہ کہ علماء کے اس باب میں مختلف تین قول ہیں

فقيل لا يجوز مطلقا وقيل يجوز مطلقا والقول الثالث

پس کوئی کہتا ہے مطلقا جائز نہیں ہے اور کوئی کہتا ہے مطلقا جائز ہے اور تیسرا قول یہہ ہے کہ

أن الحكم في هذا الوجه والوجه الأول سواء فلا يجوز أن يرجع

کہ اس وجہ کا حکم اور پہلی وجہ کا یکسان ہے سو اوس مذہب سے رجوع کرنا

عنه بعد تقليده فيما قلده أي عمل به ويجوز في غيره وفي عمدة

تقلید کے بعد جس مسئلہ مین تقلید کرچکا یعنی اوسپر عمل کرلیا ہے جائز نہین ہے اور اور مسئلہ مین جائز ہے اور

الأحكام من الفتاوى الصوفية سئل عن يوم عيد الفطر أنا نرى

فتاوی صوفیہ مین سے عمدۃ الاحکام مین ہے روز عید الفطر کے حال سے پوچھا گیا کہ ہم بعضے

بعض الناس يتطوعون في الجامع عند الزوال فنمنعهم عن

آدمیونکو دیکھتے ہین کہ وہ جامع مسجد مین زوال کے وقت نفلین پڑھتے ہین سو ہم

ذلك ونخبرهم عن ورود النهي عن الصلوة في الأوقات الثلاثة

اونکو اس سے منع کرتے ہین اور اونکو سنا دیتے ہین کہ تین وقت مین نماز کی ممانعت آئی ہے

قال أما المنع فلا لكيلا يدخل تحت قوله تعالى أرأيت الذي

جواب دیا ممانعت تو نہین چاہیے تاکہ اس آیت [illegible] تو نے دیکھا وہ جو

ينهى عبدا إذا صلى ولا ينفي وقت الزوال لعسى أن

منع کرتا ہے ایک بندہ کو [illegible] زوال [illegible] وقت ہے شاید کہ

يكون قبله أو بعده [illegible] كان وقته فقد روي عن أبي يوسف رح

کہ پہلے ہو یا پیچھے ہو اور اگر بالفرض زوال [illegible] وقت ہو تو ابو یوسف رح سے روایت ہے

لا يكره ذلك التطوع عند الزوال يوم الجمعة والشافعي رح

کہ یہہ نفلین زوال کیوقت جمعہ کے دن مکروہ نہین ہین اور امام شافعی

لا يكره ذلك في جميع الأيام فلئن اعترضت على هذا المصلى

تو کسے دن بہی مکروہ نہین کہتے پس اگر تو اس مصلے پر اعتراض کریگا

فعسى أن يجيبك أنه تقلد في هذه المسئلة من يرى جواز

تو شاید کہ تجہکو یہہ جواب دیدے کہ مین اس مسئلہ مین ایسے کا مقلد ہون جو اسکو جائز جانتا ہے

ذلك ويحتج عليك بما احتج به من اختار ذلك فليس لك

یا تجہیر وہ ہی استدلال کرکے جو اس قول کے پسند کرنیوالی نے کیا ہے سو تجھکو نہیں چاہیے

ان تنكر على من قلد مجتهدا او احتج دليلا وفيها ايضا من

کہ ایسی پر جو کسی مجتہد کی تقلید یا کسی دلیل سے حجت کرے اعتراض کیا کرے اور یہہ بھی اوسی مین

التجنيس والمزيد وربما قلد هذا المصلي فلا ينكر على من فعل فعلا

تجنیس و مزید سے ہے اور کبھی یہہ مصلی اوسکی تقلید کرلیے سو اوسپر کیا اعتراض جو فعل اجتہادی

مجتهدا او تقلد مجتهد وفي الظهيرية ومن فعل فعلا مجتهدا

عمل مین لاوے یا کسی مجتہد کی تقلید کرے اور ظہیریہ مین ہے اور جو شخص عمل مجتہد فیہ پر عمل کرے

فيه او قلد مجتهدا في فعل مجتهد فيه فلا عار ولا شناعة

یا فعل مجتہد فیہ مین مجتہد کی تقلید کرے تو اوسپر نہ تو کچھہ رشک ہے اور نہ زشتی

ولا انكار عليه وفي المنهاج للبيضاوي لو راى الزوج

اور نہ کوئی اعتراض اور بیضاوی کے منہاج مین ہے اگر زوج نے

لفظا كناية وراته المراة صريحا فله الطلب ولها الامتناع

ایک لفظ کو کنایہ سمجھا اور عورت نے اوسکو صریح سمجھا تو زوج کو حق طلب حاصل ہے اور عورت کو حق امتناع

فيرجعان الى غيرهما فائدة استشكل رجل شافعي

پہر وہ دونو اور کے سامنے پیش کرین فائدہ ایک شخص شافعی مذہب نے

الاختلاف بين عبارتي الانوار فاجبته بما يحل الاختلاف

انوار کے دو مختلف عبارتون پر اعتراض کیا سو مینے اوسکو ایسا جواب دیا جس سے وہ اختلاف رفع ہو جاتا ہے

في كتب القضاء من كتاب الانوار ما حاصله اذا دونت هذه

انوار مین کتاب القضا مین تو ایسی عبارت ہے جسکا حاصل یہہ ہوتا ہے جب یہہ

المذاهب جاز للمقلد ان ينتقل من مذهب [illegible]ـد الى مذهب

مذاہب کتابون مین مندرج ہوگئے تو مقلد کو جائز ہے کہ ایک مجتہد کی مذہب سے منتقل ہوکر دوسرے مجتہد کی مذہب مین چلا جاوے

آخر وكذا لو قلد مجتهدا في بعض المسائل وآخر في البعض

اور ایسے ہی اگر بعض مسائل مین ایک مجتہد کے تقلید کری اور بعض اور مسائل مین دوسرے مجتہد کی

الآخر حتى لو اختار من كل مذهب الأهون كالحنفي إذا افتصد

یہانتک کہ اگر ہر ایک مذہب مین سے سہل سہل اختیار کرے جیسے حنفی جب فصد کھلوای

وأراد أن يأخذ بالشافعي لئلا يتوضأ أو الشافعي مس فرجه

اور یہہ چاہے کہ شافعی مذہب لیلے تاکہ وضو نکرنا پڑے یا شافعی اپنی شرمگاہ کو

أو امرأة وأراد أن يأخذ بالحنفي لئلا يتوضأ وغير ذلك من

یا عورت کو چھوئی اور یہہ چاہے کہ حنفی مذہب لیلوان تاکہ وضو نکرنا پڑے

المسائل جاز هذا حاصل كلام صاحب الأنوار في كتاب القضاء

اور اور مسائل تو جائز ہے یہہ تو خلاصہ انوار کے مصنف کے کلام کا کتاب القضا مین ہے

وقال في باب الاحتساب لو رأى الشافعي شافعيا يشرب

اور باب الاحتساب مین کہتا ہے اگر کوئی شافعی کسی شافعی کو دیکھے کہ نبیذ پیتا ہے

النبيذ أو ينكح بلا ولي ويطأها فله أن ينكر لأن على كل

یا بغیر ولی کے نکاح کرکے وطی کرتا ہے تو اوسکو چاہیے کہ اعتراض کرے کیونکہ ہر

مقلد اتباع مقلده ويعصي بالمخالفة ولو رأى الشافعي الحنفي

مقلد پر اپنے متبوع کا اتباع لازم ہے اور مخالفت سے گنہگار ہوتا ہے اور اگر شافعی نے حنفی کو دیکھا

يأكل الضب أو متروك التسمية عمدا فله أن يقول إما

کہ سوسمار کو یا قصدا متروک التسمیہ کو کہاتا ہے تو اوسکو لازم ہے کہ کہدیوی یا تو

أن تعتقد أن الشافعي أولى بالاتباع وإما أن تترك هذا

تو یہہ اعتقاد کر کہ شافعی کی متابعت اولی ہے یا یہہ کہانا چھوڑدی

كلامه في الاحتساب وبين القولين اختلاف أقول وحل

مصنف کا یہہ کلام احتساب مین ہے اور ان دونو قول مین اختلاف ہے مین کہتا ہون اور میرے

لا اختلاف عندي والله اعلم ان معنى قوله يعصي بالمخالفة

عندی ایس اختلاف کا نہیں اور اللہ خوب جانتا ہے لیکن ہے کہ اس قول یعصی بالمخالفہ کے یہ معنی ہیں

انه يعصي بالمخالفة اذا عزم على تقليده في جميع المسائل

کہ وہ مخالفت سے جب گنہگار ہوتا ہے کہ ارادے تقلید کا عزم مسائل میں کرے

او في هذه المسئلة ثم اقدم على المخالفة فهذه معصية

یا اس خاص مسئلہ میں عزم کرے پھر مخالفت کرنے لگے تو یہ تو بلا شک معصیت ہے

بلا شك واما اذا قلد في هذه المسئلة غيره فذلك الغير

اور رہے وہ صورت کہ اس مسئلہ میں اور کا تقلید ہو سو وہ اور

هو مقلده ولم يخالفه ونقول المسئلة الثانية مبنية

وہی اوسکا متبوع ہے اور اوسکی مخالفت نہیں کی یا یہ کہنا موزوں کہ دوسرا مسئلہ یعنی

على قول الغزالي وشرذمة والاول على قول الجمهور فافهم

امام غزالی اور گروہ کے قول پر مبنی ہے اور پہلا مسئلہ جمہور کے قول پر پس سمجھ لے

فان حل هذا الاختلاف قد صعب على بعض المصنفين

کیونکہ اس اختلاف کا حل بعض مصنفین پر بیشک دشوار ہوا ہے

مسئلة اعلم ان تقليد المجتهد على وجهين واجب و

مسئلہ سمجھ لے کہ مجتہد کے تقلید دو قسم کی ہے واجب اور

حرام فاحدهما ان يكون من اتباع الرواية دلالة تفصيله

حرام پس ایک تو یہ ہے کہ باعتبار دلالت کے روایت کا اتباع ہو اسکی تفصیل یہ ہے

ان الجاهل بالكتاب والسنة لا يستطيع بنفسه التتبع و

کہ جو شخص کتاب اور سنت کو نہیں جانتا تو وہ بذات خود تتبع اور

لا الاستنباط فكان وظيفته ان يسأل فقيها ما حكم رسول

استنباط کی استطاعت نہیں رکھتا پس اوسکا یہ ہے وظیفہ ہے کہ فقیہ سے پوچھ لے کہ رسول اللہ

اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فِي مَسْئَلَةٍ كَذَا وَكَذَا فَاِذَا
صلی اللہ علیہ وسلم نے فلانی فلانی مسئلہ مین کیا حکم فرمایا ہے جب فقیہ

اَخْبَرَ يَتْبَعُهُ سَوَاءٌ كَانَ مَاخُوذًا مِنْ صَرِيحِ نَصٍّ اَوْ مُسْتَنْبَطًا مِنْهُ
بتا دی تو اوسکا اتباع کریں برابر ہے کہ صریح نص سے لیا ہو یا اوسی استنباط کیا ہو

اَوْ مَقِيسًا عَلَى الْمَنْصُوصِ فَكُلُّ ذٰلِكَ رَاجِعٌ اِلَى الرِّوَايَةِ عَنْهُ
یا منصوص پر قیاس کیا ہو یہہ سب صورتین حضرت صلعم کے روایت کیطرف

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَلَوْ دَلَالَةً وَهٰذَا قَدِ اتَّفَقَتِ
رجوع کرتے ہین اگرچہ دلالۃً ہو اسکے صحت پر تو تمام

الْاُمَّةُ عَلٰى صِحَّتِهٖ قَرْنًا بَعْدَ قَرْنٍ بَلِ الْاُمَمُ كُلُّهَا اتَّفَقَتْ عَلٰى
امت کا ہر ہر طبقہ مین اتفاق ہے بلکہ اور تمام امتین اپنے اپنے شرایع مین

مِثْلِهٖ فِي شَرَائِعِهِمْ وَاَمَارَةُ هٰذَا التَّقْلِيدِ اَنْ يَّكُونَ عَمَلُهٗ
ایسی صورت پر متفق ہین اور اس تقلید کا نشان یہہ ہے کہ اوسکا عمل

بِقَوْلِ الْمُجْتَهِدِ كَالْمَشْرُوطِ بِكَوْنِهٖ مُوَافِقًا لِلسُّنَّةِ فَلَا يَزَالُ
مجتہد کے قول پر مثال مشروط کی ہے کہ سنت کے موافق ہو سو ہمیشہ جہان تک ہو سکے

مُتَفَحِّصًا عَنِ السُّنَّةِ بِقَدْرِ الْاِمْكَانِ فَمَتٰى ظَهَرَ حَدِيثٌ يُخَالِفُ
سنت کی تلاش مین رہے پھر جب ایسی حدیث ملجاوی کہ اس قول کے مخالف ہو

قَوْلَهٗ هٰذَا اَخَذَ بِالْحَدِيثِ وَاِلَيْهِ اَشَارَ الْاَئِمَّةُ قَالَ الشَّافِعِيُّ
تو حدیث پر عمل کریں اور ائمہ نے یہہ ہی اشارہ کیا ہے امام شافعی کہتے ہین

اِذَا صَحَّ الْحَدِيثُ فَهُوَ مَذْهَبِي وَاِذَا رَاَيْتُمْ كَلَامِي يُخَالِفُ
جب حدیث صحیح ہو جاوی تو میرا مذہب وہ ہی ہے اور جب تم میری کلام کو دیکھو

الْحَدِيثَ فَاعْمَلُوا بِالْحَدِيثِ وَاضْرِبُوا بِكَلَامِي الْحَائِطَ وَقَالَ مَالِكٌ
کہ حدیث کے خلاف ہے تو حدیث پر عمل کرو اور میرا کلام دیوار پر پٹک دو اور امام مالک کا قول ہے

مَا مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَمَاخُوذٌ مِّنْ کَلَامِهٖ وَمَرْدُوْدٌ عَلَيْهِ اِلَّا رَسُوْلَ

سوا اپنے کلام سے ماخوذ ہوگا اور اوسپر اوسکا کلام رد کیا جاویگا

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَقَالَ اَبُوْحَنِيْفَةَ رَح لَا يَنْبَغِيْ

سوائے رسول اللہ صلعم کے اور امام ابو حنیفہ کہتے ہین کہ جو شخص

لِمَنْ لَمْ يَعْرِفْ دَلِيْلِيْ اَنْ يُّفْتِيَ بِكَلَامِيْ وَقَالَ اَحْمَدُ لَا تُقَلِّدْنِيْ

میری دلیل سے واقف ہو تو اوسکو سزاوار نہین کہ میری کلام کا فتوی دیوی اور امام احمد کہتے ہین کہ میری تقلید کرنا

وَلَا تُقَلِّدَنَّ مَالِكًا وَّلَا غَيْرَهٗ وَخُذِ الْاَحْكَامَ مِنْ حَيْثُ اَخَذُوْا

اور نہ مالک کے تقلید کرنا اور نہ اوسکی اور احکام وہان ہی سے لے جہان سے اونہون نے لیا ہے

مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ اَلْوَجْهُ الثَّانِيْ اَنْ يَّظُنَّ بِفَقِيْهٍ اَنَّهٗ بَلَغَ

کتاب اور سنت سے اور دوسری قسم یہہ ہے کہ کسیے فقیہ کے حق مین یہہ گمان کرلے کہ یہہ

الْغَايَةَ الْقُصْوٰى فَلَا يُمْكِنُ اَنْ يُّخْطِئَ فَمَهْمَا بَلَغَهٗ حَدِيْثٌ

غایت درجہ کو پہنچ گیا ہے سو ممکن نہین کہ یہہ خطا کرے پہر جب اوس مقلد کو

صَحِيْحٌ صَرِيْحٌ يُّخَالِفُ مَقَالَتَهٗ لَمْ يَتْرُكْهُ اَوْ ظَنَّ اَنَّهٗ لَمَّا قَلَّدَهٗ

صحیح صریح ایسی حدیث پہنچے کہ فقیہ کے قول کے خلاف ہو تو قول کو نچہوڑے یا یہہ خیال کرے جب مین اوسکا مقلد ہو گیا

كَلَّفَهُ اللّٰهُ بِمَقَالَتِهٖ وَّكَانَ كَالسَّفِيْهِ الْمَحْجُوْرِ عَلَيْهِ فَاِنْ بَلَغَهٗ

تو میری حق مین اللہ کا حکم اسی کا قول ہے اور یہہ مقلد ایسا ہے جیسے بیوقوف ممنوع التصرف پہر اگر اوسکو

حَدِيْثٌ وَّاسْتَيْقَنَ بِصِحَّتِهٖ لَمْ يَقْبَلْهُ لِكَوْنِ ذِمَّتِهٖ مَشْغُوْلَةً

حدیث ملجاوی اور صحت کا یقین بہی کرے تو بہی نمانے کیونکہ اوسکا ذمہ

بِالتَّقْلِيْدِ فَهٰذَا اِعْتِقَادٌ فَاسِدٌ وَّقَوْلٌ كَاسِدٌ لَيْسَ لَهٗ شَاهِدٌ

تقلید مین لگا ہوا ہے پس یہہ اعتقاد فاسد ہے اور ہولی بات اوسکا کوئی شاہد نہین ہے

مِّنَ النَّقْلِ وَالْعَقْلِ وَمَا كَانَ اَحَدٌ مِّنَ الْقُرُوْنِ السَّابِقَةِ

نہ نقل اور نہ عقل اور طبقات سابقہ مین سے کوئے نہتا

يفعل ذلك وقد كذب في ظنه من لبس بغير معصوم من
کہ ایسا کرتا ہو اور اپنے گمان کاذب مین خطا سے غیر معصوم کو

الخطاء معصوما حقيقة او معصوما في حق العمل بقوله وفي
حقیقی معصوم یا اوسکے قول پر عمل کرنے مین معصوم ٹھہرا لیا ہے اور اوسکے

ظنه ان الله تعالى كلفه بقوله وان ذمته مشغولة بتقليده
گمان مین یہہ ہے کہ اللہ کا حکم اوسی کا قول ہے اور اسکا ذمہ اسی تقلید مین لگا ہوا ہے

وفي مثله نزل قوله تعالى وانا على آثارهم مقتدون وهل كان
ایسے ہی کے حق مین یہہ آیت اتری ہے اور ہم تو اونکے نشان کے پیرو مین اور کیا ملل سابقہ کی

تحريفات الملل السابقة الا من هذا الوجه مسئلة اختلفوا
تحریفات اسی وجہ کے تہین تہین مسئلہ روایات

في الفتوى بالروايات لشاذة في خزانة الروايات في السراجية
شاذہ مشہورہ پر فتوی دینے مین اختلاف کیا ہے خزانۃ الروایات مین سراجیہ مین سے ہے

ثم الفتوى على الاطلاق على قول ابي حنيفة ثم بقول ابي
پہر علی الاطلاق فتوے امام ابو حنیفہ کے قول پر ہے پہر امام

يوسف ثم بقول محمد بن الحسن الشيباني رح ثم بقول زفر بن
ابو یوسف کے قول پر پہر محمد بن الحسن شیبانی رح کے قول پر پہر امام زفر بن

هذيل والحسن بن زياد رح وقيل اذا كان ابو حنيفة رح في
ہذیل اور حسن بن زیاد کے قول پر اور کوئی کہتا ہے اگر امام ابو حنیفہ

جانب وصاحباه في جانب فالمفتي بالخيار والاول اصح اذا
ایک طرف ہون اور دونو شاگرد ایکطرف تو مفتی کو اختیار ہے اور اول بات اصح ہے اگر

لم يكن المفتي مجتهدا لانه كان اعلم زمانه حتى قال
مفتی مجتہد نہو کیونکہ ابو حنیفہ اپنے زمانہ کے اعلم تھے یہانتک کہ

الشَّافِعِيُّ النَّاسُ كُلُّهُمْ عِيَالُ اَبِيْ حَنِيْفَةَ فِي الْفِقْهِ فِي الْمُضْمَرَاتِ

کہ امام شافعی رح کہتے ہیں تمام لوگ فقہ میں امام ابو حنیفہ کے عیال ہیں مضمرات میں ہے

وَقِيْلَ اِذَا كَانَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رح فِيْ جَانِبٍ وَاَبُوْ يُوْسُفَ رح وَمُحَمَّدٌ رح فِيْ جَانِبٍ

اور کوئی کہتا ہے اگر امام ابو حنیفہ ایکطرف ہوں اور امام ابو یوسف اور امام محمد ایکطرف

فَالْمُفْتِيْ بِالْخِيَارِ اِنْ شَاءَ اَخَذَ بِقَوْلِهٖ وَاِنْ شَاءَ اَخَذَ بِقَوْلِهِمَا

تو مفتی کو اختیار ہے چاہے ابو حنیفہ کا قول اختیار کرے اور اگر چاہے اون دونو کا قول

وَاِنْ كَانَ اَحَدُهُمَا مَعَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ يَاْخُذُ بِقَوْلِهِمَا الْبَتَّةَ اِلَّا اِذَا

اور اگر اون دونوں میں سے کوئی سا ابو حنیفہ کے ساتھہ ہو تو قطعا اون دونو کا قول اختیار کرے ہاں اگر

اصْطَلَحَ الْمَشَائِخُ الْاَخْذَ بِقَوْلِ ذٰلِكَ الْوَاحِدِ فَيُتَّبَعُ اِصْطِلَاحُهُمْ

اگر مشایخ نے اوس ایک کے قول میں مصلحت ٹہرا رکہی ہو تو اونکی مصلحت کا تابع ہو جاوے

كَمَا اخْتَارَ الْفَقِيْهُ اَبُو اللَّيْثِ قَوْلَ زُفَرَ فِيْ قُعُوْدِ الْمَرِيْضِ لِلصَّلٰوةِ

جیسا فقیہ ابو اللیث نے امام زفر کے قول کو مریض کی نماز کیواسطے بیٹہانے میں اختیار کر رکہا ہے

اِنَّهٗ يَقْعُدُ كَمَا يَقْعُدُ الْمُصَلِّيْ فِي التَّشَهُّدِ لِاَنَّهٗ اَيْسَرُ عَلَى الْمَرِيْضِ

کہ مریض اسطرح بیٹہے جیسے مصلی تشہد میں بیٹہتا ہے اس لیے کہ مریض پر آسان ہے

وَاِنْ كَانَ قَوْلُ اَصْحَابِنَا اَنْ يَقْعُدَ الْمَرِيْضُ فِيْ حَالِ الْقِيَامِ مُتَرَبِّعًا

اگرچہ ہماری صحاب کا یہہ قول ہے کہ مریض قیام کے حالت میں متربعا

اَوْ مُحْتَبِيًا لِيَكُوْنَ فَرْقًا بَيْنَ الْقَعْدَةِ وَالْقُعُوْدِ الَّذِيْ هُوَ فِيْ حُكْمِ

یا گوٹ مار کر بیٹہے تا کہ قعدہ اور قعود میں جو کہ قیام کے حکم میں ہے

الْقِيَامِ وَلٰكِنْ هٰذَا يَشُقُّ عَلَى الْمَرِيْضِ لِاَنَّهٗ لَمْ يَتَعَوَّدْ هٰذَا الْقُعُوْدَ

فرق رہی لکن یہہ طرز مریض پر دشوار ہوتی ہے کیونکہ اس طرز کے بیٹہنے کی عادت نہیں ہے

وَكَذٰلِكَ اخْتَارُوا التَّضْمِيْنَ السَّاعِيْ اِذَا سَعٰى اِلَى السُّلْطَانِ بِغَيْرِ

اور ایسی ہی مشایخ نے چغل خور پر ضمان ڈالنا اختیار کر رکہا ہے جب کہ بلا اجازت سلطان کے چغل خوری کرے

إِذْنٍ وَهٰذَا قَوْلُ زُفَرَ رح سَدًّا لِبَابِ السِّعَايَةِ وَإِنْ كَانَ قَوْلُ

اور یہہ امام زفر کا قول ہے تاکہ چغل خوری کا باب بند ہوجاوے اگرچہ ہماری اصحاب کا یہہ قول ہے

أَصْحَابِنَا لَا يَجِبُ الضَّمَانُ لِأَنَّهُ لَمْ يُتْلِفْ عَلَيْهِ مَالًا وَيَجُوزُ لِلْمَشَائِخِ

کہ ساعی پر ضمان نہیں آتا کیونکہ اسنی کچھہ مال تلف نہیں کردیا اور مشایخ کو جائز ہے

أَنْ يَأْخُذُوا بِقَوْلِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَمَلًا لِلْمَصْلَحَةِ الزَّمَانِ

کہ ہماری اصحاب مین سی کسی ایک کا قول زمانہ کی مصلحت پر عمل کرکے انکو اختیار کرلین قنیہ کے

فِي الْقُنْيَةِ فِي بَابِ مَا يَتَعَلَّقُ بِالْمُفْتِي مِنَ النَّوَادِرِ قَالَ رح وَالْفَتْوَى

باب ما یتعلق بالمفتی مین نوادر سی ہے کہتاہے اور فتوی ان مسائل مین

فِيمَا يَتَعَلَّقُ بِالْقَضَاءِ عَلَى قَوْلِ أَبِي يُوسُفَ لِزِيَادَةِ تَجْرِبَتِهِ وَفِي

جو قضا سے متعلق ہین ابو یوسف کے قول پر ہے کیونکہ انکا تجربہ زیادہ تہا اور

الْمُضْمَرَاتِ وَلَا يَجُوزُ لِلْمُفْتِي أَنْ يُفْتِيَ بِبَعْضِ الْأَقَاوِيلِ الْمَهْجُورَةِ

مضمرات مین ہے اور مفتی کو یہہ جائز نہین کہ بعضے اقاویل متروکہ پر منفعت کے واسطے

لِجَرِّ مَنْفَعَةٍ لِأَنَّ ضَرَرَ ذٰلِكَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ أَتَمُّ وَأَعَمُّ

فتوی دیوی کیونکہ اسکا ضرر دنیا اور آخرت مین کامل اور شامل ہے

بَلْ يَخْتَارُ أَقَاوِيلَ الْمَشَائِخِ وَاخْتِيَارَهُمْ وَيَقْتَدِي بِسِيَرِ السَّلَفِ

بلکہ مشایخ کے اقاویل اور انکی مختارات کو اختیار کری اور سلف کے حالات کی پیروی کری

وَيَكْتَفِي بِإِحْرَازِ الْفَضِيلَةِ وَالشَّرَفِ فِي الْقُنْيَةِ فِي كِتَابِ أَدَبِ

اور فضیلت اور شرف حاصل کرنے پر اکتفا کری قنیہ کے کتاب ادب

الْقَاضِي فِي بَابِ مَسَائِلَ مُتَفَرِّقَةٍ مَسْئَلَةُ الْمَسَائِلُ الَّتِي

القاضی کے باب مسائل متفرقہ مین ہے مسئلہ جو مسائل کہ

يَتَعَلَّقُ بِالْقَضَاءِ وَالْفَتْوَى فِيهَا عَلَى قَوْلِ أَبِي يُوسُفَ لِأَنَّهُ

کہ قضا سے متعلق ہین ان مین فتوی ابو یوسف کے قول پر ہے کیونکہ ابو یوسف کو

حصل له زيادة علم بالتجربة وفي عمدة الاحكام من كشف

تجربہ کا علم بہت زیادہ حاصل تہا کشف البزدوی مین سی عمدة الاحکام مین ہے

البزدوي يستحب للمفتي الاخذ بالرخص تيسيرا على

مفتی کو مستحب ہے کہ رخصتون کو اختیار کری تا کہ عوام پر آسانی ہو

العوام مثل التوضي بماء الحمام والصلوة في الاماكن

جیسے عوام کے پانی سی وضو کرنا اور پاک مکانون مین بدون

الطاهرة بدون المصلى وعدم الاحتراز عن طين الشوارع

جا نماز کے نماز ادا کرنے اور سڑکون کی کیچڑ سے جس جگہہ مین

في موضع حكمو ابطهارته فيها ولا يليق ذلك باهل العزلة

طہارت کا یقین ہو احتراز نکرنا اور یہہ آسانی اہل عزلت کو لایق نہین ہے

بل الاخذ بالاحتياط والعمل بالعزيمة اولى بهم وفي القنية

بلکہ اونکو احتیاط اختیار کرنا اور عزیمت پر عمل کرنا اولے ہے اور قنیہ مین ہے

ثم ينبغي للمفتي ان يفتي الناس بما هو اسهل عليهم

پہر مفتی کو چاہیے کہ لوگون کو وہی فتوی دیوی جو اون پر آسان ہو

كذا ذكره البزدوي في شرح الجامع الصغير ينبغي للمفتي ان

ایسا ہی بزدوی نی جامع صغیر کے شرح مین ذکر کیا ہے کہ مفتی کو چاہیے کہ

ياخذ بالايسر في حق غيره خصوصا في حق الضعفاء لقوله

غیر کے حق مین آسان کو اختیار کری علی الخصوص ناتوان کے حق مین کیونکہ

عليه الصلوة والسلام لابي موسى الاشعري ومعاذ

رسول صلعم نے ابو موسی اشعری اور معاذ کو

حين بعثهما الى اليمن يسرا ولا تعسرا وفي عمدة الاحكام

یمن کیطرف بہیجتی ہوئی فرمایا تہا آسانی کرنا تنگ مت کرنا اور عمدة الاحکام کے

فی کتاب الکراهیۃ سؤر الکلب والخنزیر نجس خلافاً

کتاب الکراہیۃ میں ہے کہ کتے اور سور کا جھوٹا نجس ہے بخلاف

لمالک وغیرہ ولو افتی بقول مالک جاز وفی القنیۃ فقیہ

مالک وغیرہ کے اور اگر مالک کی قول پر فتوی دیدی تو جائز ہے قنیہ میں ہے ایک فقیہ ہے

یفتی بمذہب سعید بن المسیب ویزوج للزوج الاول

کہ سعید بن المسیب کے مذہب پر فتوی دیتا ہے اور مطلقہ ثلاثہ کا نکاح زوج اول سے کردیتا ہے

بقیت مطلقۃ بثلاث تطلیقات کما کان ویعزر الفقیہ

تو وہ مطلقہ ثلاثہ ویسی کی ویسی مطلقہ رہیگی اور فقیہ کو تعزیر دیجاویگی

وفقیہ یحتال فی الطلقات الثلاث ویاخذ الرشوۃ بذلک

اور ایک فقیہ ہے کہ تین طلاقوں میں حیلہ کرتا ہے اسمیں اور رشوت لیتا ہے

ویزوجہا للاول بدون دخول الثانی ہل یصح النکاح وما

اور اوس عورت کا نکاح بدون دخول زوج ثانی کے زوج اول سے کردیتا ہے آیا یہہ نکاح صحیح ہوجاتا ہے اور ایسا

جزاء من یفعل ذلک قالوا یسود ویبعد فی الفتاوی الاعتمادیۃ

کرنیوالی کی کیا سزا ہے سب نے جواب دیا منہ کالا کرکے نکالدیا جاوے فتاوی اعتمادیہ میں

من الفتاوی السمرقندی ان سعید بن المسیب رجع عن

فتاوی سمرقندی کی منقول ہے کہ سعید بن المسیب نے اپنے اس قول سے

قولہ ان دخول المحلل لیس بشرط فی التحلیل فلو قضی بہ قاض

کہ عورت کے حلال ہونیمیں محلل کا دخول شرط نہیں ہے رجوع کیا پس اگر قاضی یہہ ہی حکم دیوے

لاینفذ قضاؤہ ولو حکم بہ فقیہ لایصح ویعزر الفقیہ

تو اوسکا حکم جاری نہیں ہوگا اور اگر کوئی فقیہ حکم دیوے تو صحیح نہیں ہوگا اور فقیہ کو تعزیر دیجاویگی

وفی التحفۃ شرح المنہاج نقل الغزالی الاجماع علی التخییر

اور تحفہ منہاج کی شرح میں ہے کہ غزالی نے اجماع نقل کیا ہے

الْمُقَلِّدِ بَيْنَ قَوْلَيْ إِمَامِهِ أَيْ عَلَى جِهَةِ الْبَدَلِ لَا الْجَمْعِ إِذَا

کہ مقلد کو اپنی امام کے دو قول مین اختیار ہے یعنے بطور بدل کے اختیار ہے بطور جمع کے نہین جسوقت مین

لَمْ يَظْهَرْ تَرْجِيحُ أَحَدِهِمَا وَكَأَنَّهُ أَرَادَ إِجْمَاعَ أَئِمَّةِ مَذْهَبِهِ

کہ کسی ایک قول کی ترجیح نہ ظاہر ہو اور شاید کہ اوس مذہب کے ائمہ کا اجماع مراد ہے

كَيْفَ وَمُقْتَضَى مَذْهَبِنَا كَمَا قَالَهُ السُّبْكِيُّ مَنْعُ ذَلِكَ فِي الْقَضَاءِ

کیونکہ یہہ مراد نہو حالانکہ ہماری مذہب کا مقتضا چنانچہ سبکی کہتا ہے قضاء

وَالْإِفْتَاءِ دُونَ الْعَمَلِ لِنَفْسِهِ وَبِهِ يُجْمَعُ بَيْنَ قَوْلِ الْمَاوَرْدِيِّ

اور افتا مین ہے منع کرتا ہے اپنی حق مین عمل کرنا ممنوع نہین ہے اور اسی سی ماوردی کے قول مین موافقت ہو جاتی ہے

يَجُوزُ عِنْدَنَا وَانْتَصَرَهُ الْغَزَالِيُّ كَمَا يَجُوزُ لِمَنْ أَدَّاهُ اجْتِهَادُهُ

کہ ہماری نزدیک جائز ہے اور غزالی نے اسکی مدد کی ہے جیسے اوس شخص کو کہ اوسکا اجتہاد قبلہ کی جہت مین

إِلَى تَسَاوِي جِهَتَيْنِ أَنْ يُصَلِّيَ إِلَى أَيِّهِمَا شَاءَ إِجْمَاعًا وَقَوْلِ

دو طرف مساوات پیدا کری اختیار ہے کہ بالاجماع دو نو طرف مین سے جدہر چاہے نماز پڑہے اور

الْإِمَامِ يَمْتَنِعُ إِنْ كَانَا فِي حُكْمَيْنِ مُتَضَادَّيْنِ كَإِيجَابٍ وَ

اور امام کا قول یہہ ہے کہ اختیار نہین ہے جس صورت مین کہ وہ دو قول دو حکم متضاد یعنے مخالف مین ہون

تَحْرِيمٍ بِخِلَافِ نَحْوِ خِصَالِ الْكَفَّارَةِ وَأَجْرَى السُّبْكِيُّ ذَلِكَ

جیسے وجوب اور حرمت بخلاف مثل اقسام کفارہ کے اور سبکی نے یہہ بہی جاری کر دیا ہے

وَتَبِعُوهُ فِي الْعَمَلِ بِخِلَافِ الْمَذَاهِبِ الْأَرْبَعَةِ أَيْ مِمَّا عُلِمَتْ

اور لوگ برخلاف مذاہب اربعہ سے عمل کرتے ہین اوسکے تابع ہو گئے ہین اوس مسئلہ مین

نِسْبَتُهُ لِمَنْ يَجُوزُ تَقْلِيدُهُ وَجَمِيعُ شُرُوطِهِ عِنْدَهُ وَحَمْلُ عَلَى

کہ اوسکی نسبت ایسی مجتہد کیطرف جسکی تقلید جائز ہووی اور اوسکی شرطین اوسکی پاس جمع ہون عمل مین اسی ہو اور

ذَلِكَ قَوْلُ ابْنِ الصَّلَاحِ لَا يَجُوزُ تَقْلِيدُ غَيْرِ الْأَئِمَّةِ الْأَرْبَعَةِ

ابن الصلاح کے یہہ قول کہ بجز چارون امام کے کسیکی تقلید جائز نہین ہے

اَیْ فِی قَضَاءٍ وَّاِفْتَاءٍ وَّمَحَلُّ ذٰلِکَ وَغَیْرِہٖ مِنْ صُوَرِ التَّقْلِیْدِ

یعنے قضا اور افتا مین اسہی پر محمول ہواہی اور اسکا اور اسکے غیرکا محل تقلید کے صور تو نمین جبتک ہے

مَالَمْ یَتَتَبَّعِ الرُّخَصَ بِحَیْثُ تَنْحَلُّ رِبْقَۃُ التَّقْلِیْدِ عَنْ عُنُقِہٖ

